ٹونی والکر کا پیش کردہ

कौन अपना कौन पराया

کون اپنا کون پرایا

اداکاران
وحیدہ رحمان
وجے کمار۔ نروپا رائے
جانی واکر

قیمت چھ نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں

گانا نمبر ۱ کون اپنا کون پرایا فلم کے گانے

کون اپنا کون پرایا
دُنیا کا یہ بھید ابھی تک کوئی سمجھ نہیں پایا
کون اپنا کون پرایا
جیون کی نیا میں سب ہی ہیں راہی ایک منزل کے
انہیں میں من کے میت ملیں گے انہیں میں دُشمن دِل کے
کسی کے دِل میں بھری ہے نفرت
کسی میں پیار کی مایا ـــــ کون اپنا ـــ
بچھڑے لوگ بھی مل جاتے ہیں کبھی کبھی جیون میں
خوشی کی لہریں بھی اُٹھتی ہیں کسی کے دُکھیا من میں
کبھی کسی نے کھویا جگ میں، کبھی کسی نے پایا
کون اپنا ـــ
کوئی موڑ کبھی بن کے بیگانہ، اپنوں کو ٹھکرائے
کوئی کسی کی خوشی کے کارن، رستے سے ہٹ جائے
کوئی کنارہ چھوڑ کے ڈھونڈے طوفانوں کا سایا
کون اپنا ـــ

نمبر ۲ ـ عاشق ہوں اپنے پیار کے جوہر دِکھاؤں گا
نظریں ملا کے دِل میں تیرے گھر بناؤں گا

زیِ جھوٹ بائی گاڈ — عاشق ہوں۔

دِل کی زمین پر ڈال کے بنیاد پیار کی
دیوار ایک اُٹھاؤں گا عنبر نثار کی
پھر اس میں انتظار کی کھڑکی لگاؤں گا
فرشِ خیر آنے جانے کو۔ ہاں۔
عاشق ہوں —

اُلفت کی شاندار عمارت کے واسطے
لاؤں گا آسمان کے تارے بھی توڑ کے
مخمل نہ مِل سکے گی تو آنکھیں بچھاؤں گا
امپورٹ سَند ہے نا ڈالنگ — عاشق —

نقشہ بڑا عجیب ہے دِل کے مکان کا
مشکل ہے اس میں ہو گا گذر مہمان کا
اور میرا کیا ہے بن تو کہیں بیٹھ جاؤں گا
اِن تو گھر کا آدمی ہے نا — ہاں
عاشق ہوں —

کمسلہ: آیا بہار کا زمانہ، چمن میں نہ جانا
دیوانہ کوئی لوٹ نہ لے۔ دیوانہ کوئی لوٹ نہ لے
آیا بہار کا زمانہ —

دُوبی دُوبی ہے نظر — ہے کسی نئی چاہ میں
کھو نہ جائے دِل کہیں۔ بیخودی کی راہ میں
پتلی کمر میری لچکے۔ میں چلوں گی بچ بچ کے

بیگانہ کوئی لوٹ نہ لے، دیوانہ کوئی لوٹ نہ لے
آیا بہار کا زمانہ ہے
بہکی بہکی آنکھیں مستیوں کا جوش ہے
میرے دل سے پوچھ لو کس کو کتنا ہوش ہے
نظریں کسی سے جو ملا دوں تو ڈر ڈر جاؤں
انجانا کوئی لوٹ نہ لے۔ دیوانہ کوئی لوٹ نہ لے
آیا بہار کا زمانہ ہے

ملکہ: دلامن حسینہ نازنیں میرا دل بھی یہ نثار ہے
تیرے دم سے ہی میرے دلربا۔ میری زندگی میں بہار ہے
ذرا سن

ہوئی جب سے تجھ پہ میری نظر۔ میں ہوں اپنے آپ سے بے خبر
ہوا جب سے دل میں تیرا گذر۔ مجھے چین ہے نہ قرار ہے
ذرا سن……

ترے حسن سے جو سنور گئیں۔ وہ فضائیں مجھ کو عزیز ہیں
تری زلف سے جو لپٹ گئیں۔ مجھے ان ہواؤں سے پیار ہے
ذرا سن……

یہ حسین پھولوں کی ڈالیاں۔ مجھے دے رہی ہیں سلامیاں
مجھے کیوں نہ رشک ہو اے صنم تیرے ساتھ فصل بہار ہے
ذرا سن

لڑکی: زندگی بھر بھی اقرار کئے جائیں گے
ہم تمہارے ہیں تمہیں پیار کئے جائیں گے

زندگی بھر —

لڑکا: کوئی جلوہ نہ سمائے گا نظر میں اب ہی
صرف سرکار کا دیدار کیے جائیں گے
یہ دھڑکتے ہوئے ہنستے ہوئے گاتے ہوئے دل
کہہ رہے ہیں کہ محبت کی یہی ہے منزل
لڑکی: آؤ کچھ اور بڑھیں پیار کے طوفانوں میں
دل کی کشتی ہے سلامت تو ہزاروں ساحل
لڑکا: وقت کو اپنا طرفدار کیے جائیں گے
لڑکی: ہم تمہارے ہیں —
زندگی بھر —
لڑکی: ہم کو معلوم نہ تھا دل کی حقیقت کیا ہے
تم نے سمجھایا تو سمجھے کہ محبت کیا ہے
لڑکا: ہائے یہ پھول سے رخسار یہ مہکی زلفیں
ساتھ ہو تم تو بہاروں کی ضرورت کیا ہے
لڑکی: ہم نئے وعدہ بھی ہر بار کیے جائیں گے
ہم تمہارے ہیں —
دونوں: — زندگی بھر
نمبر۶: — دیکھ کر یہ رنگ محفل، یہ خوشی یہ زندگی
ولولے اٹھتے ہیں دل میں جانتا ہے میرا جی
اللہ کرے، میں بھی دلہن بن جاؤں
کورس: — اللہ کرے میں بھی —

اک چمکتی کرن بن جاؤں

کورس:۔ ایک چمکتی کرن بن جاؤں
اللہ کرے ۔
دیکھ کر یہ گھر سہانا ۔ یہ بہاروں کا سماں
میرے دل میں بھی یہ حسرت جاگ اٹھی ہے میری جاں
اللہ کرے ۔
کورس:۔
اللہ کرے ۔
میں بھی کلی سے چمن بن جاؤں
کورس:۔ میں بھی کلی سے ...... اللہ کرے ...
میں وہ حسین ہوں جسکے آگے چاند کا دل شرماتا ہے
دیکھ کر میری گوری رنگت تاج محل شرماتا ہے
کورس:۔ میں وہ حسین ہوں ...
ہوتا ہے جب بیاہ کسی کا حال برا ہوتا ہے جی کا
کورس:۔ ہوتا ہے جب ——
لوگوں کا منہ تکتی ہوں میں
اک تمنا رکھتی ہوں میں ۔ اللہ کرے ۔
کورس
اللہ کرے ۔
ایسا نازک جسم ہے میرا ۔ جیسے لچکتی ڈالی ہو
گال پہ میرے ایسی سرخی ۔ پھول پہ جیسے لالی ہو
کورس:۔ ایسا نازک جسم ہے ——
کلیوں نے میری خوشبو لے لی ۔ آج ہوں میں دنیا میں اکیلی

کورس:۔ کلیوں سے بھری خوشبو ۔۔۔

کوئی نہیں ہے ساتھی اپنا

دیکھتی ہوں دن رات یہ سپنا

اللہ کرے بن بھی ۔۔۔

کورس:۔ اللہ کرے ۔۔۔

دیکھ مجھ کو میں تو تجھ سے بھی زیادہ ہوں حسین

تجھ کو دولہا کیا ملے گا جب تجھے بنتا نہیں

کورس دیکھ مجھ کو ۔۔۔

تجھ سے جو شادی کریگا بعد میں پچھتائے گا

اتنا بھاری بوجھ لے کر کون گھر کو جائے گا

کورس:۔ تجھ سے جو شادی ۔۔۔

جا ری مٹلو تو کیا جانے

دیکھ نہ ایسے خواب سہانے

کورس:۔ جاری مٹلو ۔۔۔۔

تو بھی مرے گی یوں ہی کنواری

گاتی رہے گی بس یہی گانے

اللہ کرے ۔۔۔۔

آشا:۔ بن بھی کلی سے چمن بن جاؤں

کورس:۔ بن بھی کلی سے ۔۔۔

اللہ کرے ۔۔۔

ختم شد

آسان اردو انگلش ٹیچر

زمانہ حال میں انگریزی بھی ایک بہت ضروری زبان ہے۔ اگر آپ یہ زبان جانتے ہیں تو آپ کہیں بھی چلے جائیں آپ کی ہر جگہ قدر ہوگی۔ اس زبان کو جو نہیں جانتا اسکو کافی پریشانی اٹھانی پڑتی ہے۔ اگر آپ اس پریشانی سے نجات پانا چاہتے ہیں۔ اور انگریزی سیکھنے کا شوق رکھتے ہیں تو آج ہی ہمارے ہاں سے نایاب کتاب اردو انگلش ٹیچر منگائیں۔ اس کتاب کی مدد سے ہر شخص بغیر استاد کی مدد کے انگریزی میں بات چیت کر سکتا ہے

قیمت صرف -/۱/۱ محصولڈاک معاف

اردو ہندی ٹیچر

آجکل اردو اور انگریزی کے ساتھ زندگی کی ضرورتوں میں ہندی کی ضرورت بھی ہے۔ اس لئے آپ ہمارے ہاں سے ہندی سکھانے والی کتاب منگائیں۔ اس کتاب کی مدد سے بھی بغیر استاد کے ہر مرد و عورت بڑی آسانی سے گھر بیٹھے ہندی پڑھنا سیکھ سکتا ہے۔

قیمت صرف -/۸/۱ محصولڈاک معاف

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

(امداد پریس دہلی)